اخبار الجامعۃ والجماعۃ

دروس بسلسلہ تحفظ ناموس رسالت ﷺ

مورخہ 22و23دسمبر تحفظ ناموس رسالتؐ کے سلسلہ میں دروس کا سلسلہ شروع ہوا۔ ان دروس میں لوگوں کو ریلی میں شرکت کی ترغیب دی گئی۔ مولانا حافظ عبدالحمید عامر نے جامع مسجد اہل حدیث مدینہ ٹاؤن، علیا مسجد اور کوٹلہ آئمہ میں، مولانا سعد محمد مدنی نے جامع مسجد اہل حدیث محمدی چوک اور مبارک مسجد میں، مولانا قطب شاہ جامع مسجد اہل حدیث سعیلہ اور محلہ مستریاں میں، مولانا فیض احمد بھٹی نے جامع مسجد محمدی اہل حدیث کالا گوجراں اور ابراہیمی مسجد کالا گوجراں میں اور مولانا عکاشہ مدنی نے مسجد عمر فاروق و جامع مسجد رحمت الٰہی میں درس ارشاد فرمائے۔ تمام دروس میں جماعتی احباب نے بھرپور شرکت کی۔ اللہ تعالیٰ یہ عمل قبول فرمائے۔ آمین

مرکزی جامع مسجد اقصیٰ اہل حدیث جنڈیالہ روڈ شیخوپورہ میں کانفرنس

اہل حدیث یوتھ فورس ضلع شیخوپورہ کے زیر اہتمام 24 دسمبر بروز جمعۃ المبارک خلافت راشدہ و اہل بیت کانفرنس مرکزی جامع مسجد اقصیٰ اہل حدیث جنڈیالہ روڈ میں منعقد ہوئی۔ اس مسجد کا سنگ بنیاد شیخ القرآن مولانا محمد حسین شیخوپوری نے رکھا تھا۔ یہ زیر تعمیر مسجد شیخوپورہ کی بڑی مساجد میں شمار کی جائے گی۔ کانفرنس کے موقع پر مسجد کا بہت بڑا ہال شدید سردی کے باوجود بھرا ہوا تھا۔ کانفرنس میں صاحبزادہ نعیم الرحمٰن عزیز شیخوپوری کی خصوصی دعوت پر رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی۔

جامع مسجد اہل حدیث پنڈی سید پور میں ترجمہ قرآن مجید کلاس کا افتتاح

مورخہ 27 دسمبر بروز سوموار بعد نماز مغرب رئیس الجامعہ نے جامع مسجد اہل حدیث پنڈی سید پور میں ترجمہ کلاس کے افتتاح کے موقع پر عظمت قرآن کے موضوع پر عالمانہ و فاضلانہ درس ارشاد فرمایا اور قرآن مجید باترجمہ پڑھنے کی اہمیت کو اجاگر کیا۔

وفیات

شیخ محمد اکرم میر (گفٹ سنٹر مین بازار) کا انتقال

مقامی جماعت کے پرانے بزرگ ساتھی اور جامعہ علوم اثریہ کے مستقل معاون جناب شیخ محمد اکرم میر مورخہ 18 نومبر بروز جمعرات وفات پا گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔ جس میں بھاری تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔

حافظ عبدالرحمٰن نعیم شیخ کا انتقال پر ملال

ادارہ الاصلاح السلفیہ باغبانپورہ لاہور کے رئیس حافظ عبدالرحمٰن نعیم شیخ 19 اور 20 نومبر کی درمیانی شب کو مختصر علالت کے بعد انتقال کر گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم کی نماز جنازہ پروفیسر مزمل احسن شیخ نے پڑھائی۔ مرحوم عالم باعمل اور دین کی تڑپ رکھنے والے انسان تھے۔ مرحوم مدینہ یونیورسٹی میں رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر کے ساتھ پڑھتے رہے۔ جہلم مرکزی جامع مسجد چوک اہل حدیث اور جامعہ علوم اثریہ میں مرحوم کی غائبانہ نماز جنازہ ادا کی گئی۔

مولوی محمد یحییٰ کو صدمہ

مورخہ 19 نومبر بروز جمعہ مولوی محمد یحییٰ کی نواسی وفات پا گئی۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ اس کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے جامعہ میں پڑھائی۔ جس میں ان کے اعزہ و اقارب اور جامعہ کے اساتذہ و طلبہ کے علاوہ جماعتی احباب نے بھرپور شرکت کی۔

شیخ الحدیث مولانا عبدالرشید ہزاروی کو صدمہ

دارالحدیث اوکاڑہ کے شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالرشید راشد ہزاروی کی اہلیہ محترمہ 3 دسمبر بروز جمعہ نماز عصر کے وضو کیلئے اٹھیں اور گر پڑیں شدید ہارٹ اٹیک ہوا اسی لمحہ جان جانِ آفریں کے سپرد کر دی۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

ادارہ ''حرمین'' و جامعہ علوم اثریہ اور مرکزی جمعیت اہل حدیث جہلم مذکورہ بالا مرحومین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحومین کی لغزشوں، کوتاہیوں اور گناہوں کو معاف فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے اور ورثاء کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)